پریذیڈنٹ کپ ون ڈے ٹورنامنٹ 3 اکتوبر سے شروع ہو گا

- ٹورنامنٹ میں 9ڈپارٹمنٹل ٹیمیں شریک،19 میچز پانچ شہروں میں ہونگے

لاہور،یکم اکتوبر2024ء:

پریذیڈنٹ کپ ون ڈے ٹورنامنٹ کا آغاز 3 اکتوبر کو ہورہاہے۔50 اوورز کا یہ ڈپارٹمنٹل ٹیموں کا ٹورنامنٹ پانچ شہروں، ایبٹ آباد، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد اور لاہور میں کھیلا جائے گا۔

دو سیمی فائنلز 13 اور 14 اکتوبر کو کھیلے جائیں گے جبکہ فائنل 16 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

یہ تمام ڈے میچز ہونگے جو صبح ساڑھے نو بجے شروع ہوا کریں گے۔

ٹورنامنٹ کی مجموعی انعامی رقم 77 لاکھ پچاس ہزار روپے ہے۔ فاتح ٹیم 50 لاکھ روپے اور رنرز اپ ٹیم 25 لاکھ روپے کی انعامی رقم کی حقدار ہو گی۔

ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) خان ریسرچ لیبارٹریز (کے آر ایل) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) اور واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) کو گروپ اے میں رکھا گیا ہے جبکہ ایشال ایسوسی ایٹس، غنی گلاس، آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) اور سوئی ناردن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) گروپ بی کا حصہ ہیں۔

پریذیڈنٹ کپ کے پچھلے ایڈیشن کی فاتح ایس این جی پی ایل ٹورنامنٹ کا اپنا افتتاحی میچ غنی گلاس کے خلاف 3 اکتوبر کو سعید اسپورٹس سٹی بیدیاں، لاہور میں کھیلے گی۔

گروپ اے کے میچز ایبٹ آباد، اسلام آباد اور راولپنڈی میں ہوں گے جبکہ گروپ بی کے میچز فیصل آباد اور لاہور میں ہوں گے۔
سیمی فائنل اور فائنل کے مقامات اور وقت کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

-END-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
PEPSI TCL PARKVIEW CITY
TRANS GROUP Cadbury DAIRY MILK
Pathway Cricket Programme
engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners
A SPORTS HD
TEN SPORTS HD
Tamasha

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial